SECP

# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 4, 2026

## SECP Eases IPO Requirements to Facilitate Access to Capital Markets

**ISLAMABAD, June 4:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has made it easier for established businesses to raise capital through the Pakistan Stock Exchange (PSX).

Businesses operating as partnerships, Limited Liability Partnerships (LLPs), and carved-out business divisions can now use their historical profitability record to qualify for an Initial Public Offering (IPO).

The facilitation has been provided through amendments to the Public Offering Regulations, 2017. The reforms are aimed at reducing barriers to listing, promoting corporatization, improving ease of doing business, and broadening access to capital markets.

Under the revised framework, eligible businesses can now rely on their historical profitable track record prior to incorporation as a company to satisfy the two-year profitability requirement for an IPO. This removes a major hurdle for established businesses seeking to access capital markets and raise growth capital.

The amendments are expected to encourage more businesses to enter the corporate sector, access financing through the stock market, and contribute to economic growth and job creation. However, to protect investor interests, the amended regulations introduce a number of safeguards.

Eligible businesses will be required to prepare revised financial statements for at least the preceding two financial years, duly audited by a Quality Control Review (QCR)-rated audit firm. They must also submit audited financial statements of the issuer for the period during which it has operated as a public limited company. In addition, the entire shareholding of sponsors will remain subject to a two-year post-listing lock-in requirement.

The notification containing the amendments to the Public Offering Regulations, 2017 is available on the SECP website.

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 4, 2026

# چھوٹے کاروباروں کی سرمائے کے حصول کے لیے اسٹاک ایکسچینج تک رسائی آسان بنانے کے لیے ایس ای سی پی کی آئی پی او شرائط میں نرمی

اسلام آباد، جون 4: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے شراکت داری میں چلنے والے کاروباروں اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپس کے لیے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے سرمایہ حاصل کرنا مزید آسان بنا دیا ہے۔

نئی سہولت کے تحت ایسے کاروبار، جو اسٹاک ایکسچینج کے ذریعے سرمایہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، اپنے کاروبار کو ایس ای سی پی میں کمپنی کے طور پر رجسٹر کروا سکیں گے۔ تاہم، ابتدائی عوامی پیشکش کے لیے اہلیت حاصل کرنے کی غرض سے وہ کمپنی میں تبدیل ہونے سے قبل اپنے کاروبار کی سابقہ منافع بخش مالی کارکردگی اور مالیاتی گوشواروں کو بھی استعمال کر سکیں گے۔

یہ سہولت پبلک آفرنگ ریگولیشنز 2017 میں ترامیم کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد لسٹنگ کے عمل کو مزید آسان بنانا اور کارپوریٹائزیشن کو فروغ دینا اور سرمایہ کاری منڈیوں تک رسائی کو وسعت دینا ہے۔

نظرثانی شدہ فریم ورک کے تحت اہل کاروبار اب کمپنی کی حیثیت اختیار کرنے سے قبل اپنی منافع بخش کاروباری گوشواروں کو آئی پی او کے لیے درکار دو سالہ منافع بخش ریکارڈ کی شرط پوری کرنے کے لیے استعمال کر سکیں گے۔ اس اقدام سے ایسے مستحکم کاروباروں کے لیے اسٹاک ایکسچینج سے کاروبار کے فروغ کے لیے سرمایہ حاصل کرنے میں حائل ایک بڑی رکاوٹ دور ہو جائے گی۔ تاہم سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے نظرثانی شدہ ضوابط میں متعدد حفاظتی اقدامات بھی شامل کیے گئے ہیں۔

اہل کاروباروں کو گزشتہ کم از کم دو مالی سالوں کے نظرثانی شدہ مالیاتی گوشوارے تیار کرنا ہوں گے جن کا آڈٹ کوالٹی کنٹرول ریویو سے منظور شدہ آڈٹ فرم کے ذریعے کیا گیا ہو۔ انہیں اس مدت کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بھی جمع کرانا ہوں گے جس دوران کمپنی پبلک لمیٹڈ کمپنی کے طور پر کام کر رہی ہو۔ مزید برآں، اسپانسرز کے تمام حصص لسٹنگ کے بعد دو سال تک تبدیل نہیں کیے جا سکیں گے۔

پبلک آفرنگ ریگولیشنز 2017 میں کی گئی ان ترامیم کا نوٹیفکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔